ایشیائی محتسبین کی تنظیم

ایشیائی محتسبین کی تنظیم کا قیام 15,16 اپریل 1996ء کو اسلام آباد میں'' منعقدہ ایشیاء کے محتسبین کی پہلی کانفرنس کے دوران عمل میں آیا۔ پاکستان کو اس تنظیم کا پہلا صدر منتخب کیا گیا۔ بعد ازاں بھی پاکستان کے وفاقی محتسب اس منصب کے لئے منتخب ہوتے رہے۔ اس تنظیم کا صدر دفتر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں واقع ہے۔ اس سال (2023ء) اے او اے کی جنرل اسمبلی کا سترواں (17) اجلاس 11 ستمبر کو تاتارستان کے دارالحکومت کازان میں منعقد ہوا تھا جس میں اے او اے کے صدر کے علاوہ دیگر عہدیداران کا انتخاب عمل میں لایا گیا جس میں وفاقی محتسب پاکستان بلا مقابلہ اس تنظیم کے صدر منتخب ہوئے جب کہ آذربائیجان، ہانگ کانگ اور ایران کے محتسبین کو بالترتیب نائب صدر، سیکرٹری اور خازن جب کہ چین، جاپان، کوریا، تاتارستان اور ترکی کے محتسبین کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا رکن منتخب کیا گیا۔

واضح رہے کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) ایشیاء کے محتسبین کی ایک غیر سیاسی، آزاد اور خود مختار تنظیم ہے جو دنیا کی دو تہائی آبادی کی نمائندگی کرتی ہے اور ایشیائی محتسبین کے 47 ادارے اس کے رکن ہیں۔ اب تک اس ادارے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی 24 اور جنرل اسمبلی کی 17 میٹنگز ہو چکی ہیں جب کہ مختلف موضوعات اور پیشہ ورانہ امور کی احسن طریقے سے انجام دہی کے سلسلے میں 17 بین الاقوامی کانفرنسیں ہو چکی ہیں۔